21 جنوری 2014ء

جناب سعید احمد نے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کا چارج سنبھال لیا

جناب سعید احمد نے آج ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا چارج سنبھال لیا۔ وفاقی حکومت نے 20 جنوری 2014ء کو عہدہ سنبھالنے کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے لیے انہی شرائط پر جو موجودہ دو ڈپٹی گورنرز کے لیے منظور کی گئی ہیں، جناب سعید احمد کو اس عہدے پر تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔

جناب سعید احمد کمرشل اور سرمایہ کاری بینکاری کا 45 سالہ تجربہ رکھتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک سے پہلے وہ جولائی 1995ء سے انگلینڈ میں ایک کیئر ہوم گروپ کے منیجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔

انہوں نے دسمبر 1969ء میں پروڈنشل کارپوریشن لندن میں بطور ایکچوئیریل ٹرینی کیریئر کا آغاز کیا، اکتوبر 1974ء میں انسٹی ٹیوٹ آف ایکچوئیریز لندن کے فیلو بنے اور ان کا آخری عہدہ ڈپٹی منیجر کا تھا۔ وہ جنوری 1980ء سے دسمبر 1981ء تک چیز مین ہٹن بینک/ایس آئی بی سی ریاض سے بطور اسسٹنٹ منیجر بھی وابستہ رہے۔

جناب سعید احمد نے جنوری 1982ء سے اپریل 1985ء تک کویت ایشیا بینک، بحرین میں منیجر کارپوریٹ فنانس اینڈ انٹرنیشنل کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ اپریل 1985ء سے جنوری 1989ء تک انہوں نے یونین دی بینک عرب اے فرینکائس میں، جو بحرین میں یو بی اے ایف کا ذیلی ادارہ ہے بطور اسسٹنٹ جنرل منیجر، ہیڈ آف ٹریژری، کریڈٹ اینڈ مارکیٹنگ کام کیا۔

وہ فروری 1989ء سے مارچ 1990ء تک منامہ، بحرین کے فیصل اسلامک بینک سے اسسٹنٹ جنرل منیجر ٹریژری اینڈ پراڈکٹ ڈویلپمنٹ کے طور پر وابستہ رہے۔ انہوں نے جدہ کے ایک بڑے ملٹی نیشنل گروپ میں مارچ 1990ء سے جولائی 1995ء تک بطور نائب صدر فنانس اور چیف فنانشل آفیسر فرائض بھی انجام دیے۔

جناب سعید احمد لندن اسکول آف اکنامکس سے فنانس اور اکاؤنٹنگ میں ماسٹرز ڈگری رکھتے ہیں۔ انہوں نے متعدد سیمینارز، کانفرنسز اور کورسز میں شرکت کی جن میں چیز مین ہٹن میں کریڈٹ ایویلیوایشن پروگرام، مراکش میں اسلامک بینکنگ پراڈکٹس ڈویلپمنٹ اور بنگلہ دیش میں اسلامی بینکاری کی عالمی نمو وغیرہ شامل ہیں۔

جناب سعید احمد کو کریڈٹ کے تجزیے، سرمایہ کاری، اثاثوں کی ایویلیوایشن اور سہولتوں کی اسٹرکچرنگ کا وسیع تجربہ ہے۔ وہ اسلامی مالیات کے مختلف طریقوں کا گہرا ادراک رکھنے کے ساتھ ساتھ ٹریژری خدمات کا بھی وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

☆☆☆